
خدمت انسانیت ہر طرح، ہر جگہ، ہر وقت...

یتیم بچوں کیلئے مفت تعلیم

یتیم اور نظر انداز بچوں کو تعلیم کی

تمام سہولیات فراہم کرنے کا پروگرام



# SAVE®

## The Deserving Children

*Sustainable Arrangement For Valuable Education*



اکاؤنٹ ٹائٹل : SAVE The Deserving Children

اکاؤنٹ نمبر : 01-200-2881-1

الائیڈ بنک لمیٹڈ

کینال ویو ہاؤسنگ سوسائٹی نزد ٹھوکر نیاز بیگ ملتان روڈ لاہور




**ہیڈ آفس**

5- سن فلاور ہاؤسنگ سوسائٹی J-1 جوہر ٹاؤن نزد ٹھوکر نیاز بیگ لاہور

فون: +92-42-7084847 +92-42-5304607

فیکس: +92-42-5312503

www.save-dc.org / info@save-dc.org


## تنظیم برائے خدمت مستحق بچے:

- ☆ سیو (دی ڈیزروِنگ چلڈرن)
- ☆ آپ بھی اس تنظیم کے ممبر بن سکتے ہیں "اگر"
- ☆ آپ کو یتیم اور نظر انداز بچوں کی ضروریات اور تکالیف کا احساس ہے۔
- ☆ آپ کی سوچوں کا محور صرف آپ کی ذات نہیں۔
- ☆ آپ کو دوسروں کے مسائل حل کر کے خوشی ہوتی ہے۔
- ☆ آپ دوسروں کے کام آنا چاہتے ہیں۔
- ☆ آپ اجتماعی کوششوں کو زیادہ بار آور سمجھتے ہیں۔
- ☆ آپ بطور رضا کار قوم کی بے لوث خدمت کرنا چاہتے ہیں۔
- ☆ آپ اپنی مذہبی، سیاسی اور اجتماعی وابستگیوں کے باوجود بہبود اور خدمت خلق کیلئے بھی وقت نکالنا چاہتے ہیں۔
- ☆ آپ تعلیم کی روشنی سے وطن عزیز کے ہر مستحق بچے کو منور اور درخشاں دیکھنا چاہتے ہیں۔
- ☆ آپ اپنی ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کو قومی امانت سمجھتے ہیں۔
- ☆ آپ کی نظر میں جہالت اور غربت ملک کے لئے تباہ کن ہے۔
- ☆ آپ اصلاح معاشرہ سے مایوس اور ناامید نہیں ہے۔
- ☆ آپ معاشرتی ناہمواریوں کو سماج کے لئے ضرر رساں سمجھتے ہیں۔

**سیو دی ڈیزروِنگ چلڈرن**

- ☆ یتیم اور نظر انداز بچوں آپکے عملی اور مالی تعاون کو خوش آمدید کہتا ہے۔








## تعلیم حاصل کرنا ہر ایک کا حق ہے

قرآن/حدیث:

حضور ﷺ نے فرمایا بچوں کی پرورش ایک ضرورت ہے ان سے شفقت و محبت کا برتاؤ ہمیں اللہ کے قریب کر دیتا ہے۔

آپ کی دی ہوئی مدد سے میں سکول جا سکتا ہوں اور میری زندگی سنور سکتی ہے۔

مجھے انتظار ہے کسی دستِ شفقت کا آپ میری طرف بڑھیے مجھے باوقار شہری بنانے کے لیے اور میری خوشی آپ کے لیے دُعا بن جائیگی۔




### ہمارے مقاصد/سہولیات:

- ☆ یتیم اور نظر انداز بچوں کو مفت تعلیم فراہم کرنا
- ☆ معیاری تعلیم فراہم کرنا
- ☆ جہاں ہیں جیسے ہیں کی بنیاد پر تعلیم فراہم کرنا
- ☆ مفت یونیفارم کی فراہمی
- ☆ سکول فیس ادائیگی
- ☆ مفت کتابوں کی فراہمی
- ☆ مفت کاپیوں کی فراہمی
- ☆ ٹیوشن فیس کی ادائیگی
- ☆ پک اینڈ ڈراپ سہولت کی فراہمی
- ☆ صحت اور غیر نصابی سرگرمیوں کا فروغ

## مستقبل کے پروگرام

تنظیم اس وقت مستحق بچوں کو "جہاں ہیں جیسے ہیں" کی بنیاد پر مفت تعلیم کی سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ تاہم تنظیم کی کوشش ہے کہ وہ ان نادار بچوں کے لئے تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنے سکول بنائے جس میں بچوں کے لئے ہوسٹل کی سہولت بھی میسر ہو۔ تنظیم کا مقصد بچوں کے پک اینڈ ڈراپ کے لئے ذاتی بسوں کا بھی حصول ضروری ہے آیئے آگے بڑھیے اور اس کارِ خیر میں شامل ہو جایئے ہزاروں چہروں کی خوشیاں آپ کی منتظر ہیں۔

## ایک خاندان کی رقت آمیز کہانی





میں "حسن فیاض" وسن پورہ میں اپنے والدین اور بہن بھائیوں کے ساتھ رہائش پذیر تھا۔ میرے والد گدا گاڑی چلاتے تھے جس سے ہمارا گزر بسر ہو رہا تھا۔ میں گورنمنٹ سکول میں زیرِ تعلیم تھا ہمارا خاندان بہت ہی مشکل سے گزر بسر کر رہا تھا میرے والد سارا دن گدا گاڑی چلاتے جس سے مشکل سے دو وقت کی روٹی کا آسرا ہوتا تھا۔ لیکن کہتے ہیں کہ مصیبتیں اور مشکلات بن بلائے مہمان ہوتی ہیں۔ تو ٹھیک ایک دن میرے والد روزمرہ معمول کے مطابق کام پر نکلے لیکن خدا پاک کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ ایک بھاری مشین کو کارخانہ کی چھت پر چڑھاتے ہوئے میرے والد اپنی ریڑھ کی ہڈی اور ٹانگ کھو بیٹھے۔ میرے خاندان کا کوئی پُرسان حال نہ تھا۔ اس واقعہ کے بعد ہم جینے کی امید ہی کھو بیٹھے تھے اور فاقوں نے ہمارے گھر پر ڈیرہ جما لیا تھا وقت کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے میں نے ایک ٹی سٹال پر کام شروع کر دیا اور میری والدہ جو کہ گونگی اور بہری ہیں ایک مربہ فیکٹری میں کام شروع کر دیا۔ اس دوران میرے والد علاج کے لئے پیسے نہ ہونے کی وجہ سے خالقِ حقیقی سے جا ملے اور زندگی ایک نئے دوراہے پر آ کھڑی ہوئی ۔ مجھے آج بھی یاد ہے کہ جمعرات کا دن تھا میں صبح اپنے ٹی سٹال پر پہنچا تو وہاں ایک لڑکا مجھے ملنے کے لئے میرا انتظار کر رہا تھا۔ اس نے مجھ سے میرے بارے میں پوچھنا چاہا تو مجھے لگا کہ میری غربت کا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔ لیکن فرشتے صرف آسمانوں پر ہی نہیں ہوتے اللہ پاک نے انہیں زمین پر انسانوں کے روپ میں کچھ خاص ذمہ داریاں سونپ کر بھیجا ہوتا ہے۔ مختصراً اس نے مجھے اور میرے بھائی بہنوں کو مدینہ العلم کیڈٹ سکول وسن پورا میں داخلہ دلوا کر نئے جوتے، یونیفارم اور کتابیں لے کر دیں۔ سنا تھا کہ خواب پورے ہو جاتے ہیں اتنی جلدی ہونگے سوچا نہ تھا۔ اور ہمیں جینے کا مقصد مل گیا اور اللہ تعالیٰ مجھے اس قابل بنائے کہ میں بھی سیو دی ڈیز رونگ چلڈرن میں حصہ ڈال سکوں تاکہ میری طرح کے ہزاروں لاکھوں بچے تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو کر ملک و قوم کی ترقی میں کوشاں ہو سکیں۔ (آمین)

## الحمدللہ

سیو دی ڈیزرونگ چلڈرن یتیم اور نظر انداز بچوں کو مفت مسلسل اور معیاری تعلیم فراہم کر رہا ہے۔

سیو (دی ڈیزرونگ چلڈرن) یتیم اور نظر انداز بچوں کو "جہاں ہیں جیسے ہیں" کی بنیاد پر مفت تعلیم فراہم کر رہا ہے۔

سیو (دی ڈیزرونگ چلڈرن) مستحق بچوں کو قریبی اور معیاری پرائیویٹ سکول میں داخل کروا کر ایک باوقار مہذب، شائستہ اور پڑھا لکھا شہری بنانے کے لئے رواں دواں ہے جس میں ابھی تک ادارہ خاصا کامیاب رہا ہے۔ سیو (دی ڈیزرونگ چلڈرن) کا مقصد بچوں کو آنے والے وقت کا باوقار اور باصلاحیت انسان بنانا ہے۔ کیونکہ

ایک پڑھا لکھا انسان ہی ملک و قوم کی ترقی اور کامیابی کا باعث بن سکتا ہے۔
(بقول قائدِ اعظم)

"ادارہ نے بچوں کی تعلیم میں ہر لحاظ سے بہتری لانے کے لئے سوشل آرگنائزرز رکھے ہیں جو کہ اللہ کے کرم و فضل سے ان بچوں کی پراگریس کے بارے میں ہر طرح کی خبر رکھتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ ادارہ کے اپنے سوشل موبلائزر بھی ہیں جو کہ بچوں اور اساتذہ کو موبلائز کرتے ہیں۔ ان کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں اور وہ بچوں میں جوش، جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ اور ان کے احساس کمتری کو ختم کرتے ہیں ادارہ بچوں کو تین سال سے لے کر سولہ سال کی عمر تک تسلسل کے ساتھ تعلیمی سہولتیں فراہم کر رہا ہے۔"

**ایک بچے کا کل ماہانہ خرچ -/1500 روپے ہے**

**ایک بچے کا کل سالانہ خرچ -/18,000 روپے ہے**

آپ کتنے بچوں کی مدد کر سکتے ہیں۔

آپ ان بچوں کی مدد ماہانہ یا پھر سالانہ بنیادوں پر بھی کر سکتے ہیں

### مزید تفصیلات کے لئے

سیو (دی ڈیزرونگ چلڈرن)
5- سن فلاور ہاؤسنگ سوسائٹی J-1 جوہر ٹاؤن نزد ٹھوکر نیاز بیگ لاہور